# عظیم سروس۔

کاروبار کے مالک کے حقوق کا بل

# عظیم شہر۔

## نیویارک کے شہریوں کو بہترین کسٹمر سروس فراہم کرنے کے نیویارک شہر کے عزم کے تحت، میئر کے دفتر اور سٹی کونسل نے کاروباری مالکان کے حقوق کا بل تشکیل دیا ہے۔

## نیویارک شہر میں ایک کاروباری مالک کی حیثیت سے، آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

- نیویارک شہر میں اپنے کاروبار کو مقابلے کے قابل بنانے اور ترقی دینے کے لیے درکار معلومات، آلات، وسائل اور مواقع تک رسائی کا حق
- انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں معلومات تک رسائی کا حق
- شہر کی پالیسیوں، ضوابط اور نفاذ کے فیصلوں کو چھوٹے کاروبار کے نقطہ نظر سے پرکھے جانے کا حق
- شہر کی ایجنسیوں کی جانب سے بروقت اور مربوط تعاون حاصل کرنے کا حق جو کاروباری مالکان کے وقت کے احترام کو ظاہر کرے
- قواعد اور ضوابط کے بارے میں واضح اور باآسانی سمجھ میں آنے والی معلومات حاصل کرنے کا حق
- شہر کی تمام ایجنسیوں کی جانب سے منصفانہ، یکساں اور مربوط معائنے اور قوانین کے نفاذ کا حق
- نیویارک شہر کے ایک ایسے باخبر اہلکار کی جانب سے باوقار اور پیشہ ورانہ سلوک کا حق جس کی شناخت واضح ہو
- جب بھی ممکن ہو، جرمانے عائد ہونے سے پہلے مسائل کو درست کرنے میں مدد کے لیے واضح رہنمائی اور آگاہی حاصل کرنے کا حق
- خلاف ورزیوں، ان کی اصلاح کے اقدامات اور ان پر اعتراض یا اپیل کرنے کے اختیارات کے بارے میں واضح وضاحت حاصل کرنے کا حق

---

- معائنے، انتظامی سماعتوں اور ٹرائلز کے لیے، بشمول ٹرائل سے قبل کی کانفرنسوں اور تصفیے کے مذاکرات کے لیے، زبان کی ترجمانی کی خدمات کی درخواست کرنے کا حق
- انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر شہر کی حکومت کے ساتھ اپنے تجربے کے بارے میں گمنام تاثرات فراہم کرنے کا حق

اگر آپ کو ایسی سروس موصول نہیں ہوئی ہے جو حقوق کے بل کے معیار پر پوری اترتی ہو، تو براہ کرم «**Contact Us**» ہم سے رابطہ کریں کا انتخاب کر کے شہر کا فیڈ بیک ٹول استعمال کریں۔nyc.gov/customersurvey کسٹمر سروے کے ذریعے بھیجی گئی معلومات کو شہر کی ایجنسیوں کے درمیان شیئر کیا جا سکتا ہے تاکہ کاروباری مالکان کے لیے سروس کو بہتر بنایا جا سکے۔

NYC